یہ کتاب نہیں ایک بڑا فتنہ ہے

تقویۃ الایمان

تالیف

مولانا محمد اسمٰعیل شہید دہلوی

ناشر

فخر العبید اعظمی

مکتبہ نعیمیہ صدر بازار مئوناتھ بھنجن یوپی

12/-

تصویر بنانیوالوں کا گناہ سمجھنا چاہیے کہ یزید و شمر نے تو پیغمبر کو نہیں مارا بلکہ پیغمبر کے نواسے کو اور امام وقت کو کہ پیغمبر کا نائب تھا۔ اور تصویر بنانیوالے کو خود پیغمبر کے قاتل کے ساتھ گناہ ہے تو وہ یزید اور شمر سے بھی بدتر ہے۔

مشکوٰۃ کے باب التصاویر میں لکھا ہے کہ :-

اَخْرَجَ الشَّیْخَانِ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰی وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ ذَهَبَ یَخْلُقُ کَخَلْقِیْ فَلْیَخْلُقُوْا ذَرَّةً اَوْ یَخْلُقُوْا حَبَّةً اَوْ شَعِیْرَةً۔

بخاری و مسلم نے ذکر کیا کہ ابوہریرہؓ نے نقل کیا کہ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا میں نے کہتے تھے کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے کہ کون زیادہ بے ادب ہوگا اس شخص سے کہ ارادہ کرے کہ پیدا کرے جیسے میں پیدا کرتا ہوں سو بھلا ایک ذرہ یا ایک دانہ یا ایک جو تو پیدا کریں۔

ف۔ یعنی تصویر بنانیوالا پردے میں خدائی کا دعویٰ کرتا ہے کہ جو چیزیں اللہ نے بنائی ہیں انکی مثل بنانے کا ارادہ کرتا ہے سو بڑا بے ادب ہے اور یہ اسکا دعوےٰ صریح جھوٹ ہے کیونکہ ایک دانہ کے بنانے کا بھی مقدور نہیں رکھتا محض نقل کاڑھتا ہے۔

مشکوٰۃ کے باب المفاخرۃ میں لکھا ہے کہ :-

وَاَخْرَجَ رَزِیْنٌ عَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِنِّیْ لَا اُرِیْدُ اَنْ تَرْفَعُوْنِیْ فَوْقَ مَنْزِلَتِیَ الَّتِیْ اَنْزَلَنِیْهَا اللّٰهُ تَعَالٰی اَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ۔

رزین نے ذکر کیا کہ انسؓ نے نقل کیا کہ فرمایا پیغمبر خدا نے کہ بیشک میں نہیں چاہتا کہ بڑھا دو تم مجھکو زیادہ اس مرتبہ سے کہ اللہ نے بخشا ہے مجھکو سو میں تو وہی محمد ہوں بیٹا عبد اللہ کا کہ اللہ کا بندہ ہی ہوں اور اسکا رسول۔

ف۔ یعنی جیسے اور سردار اپنی تعریف میں مبالغہ کرنے سے خوش ہوتے ہیں سو پیغمبر ان سے